ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستانی ٹیم میں سلیکشن، محمد حریرہ کے لیے ابھی یہ ابتدا ہے

کراچی 4 جولائی، 2023ء:

ان متاثر کن اعداد و شمار پر ایک نظر ڈالیے۔ 68 کی اوسط سے بنائے گئے 2252 رنز جن میں 8 سنچریاں شامل ہیں اور ان 8 سنچریوں میں بھی سب سے بڑا اسکور 311 رنز اور وہ بھی اپنے پہلے ہی فرسٹ کلاس سیزن میں۔ اس کے علاوہ 38 اننگز میں مزید 8 نصف سنچریاں اور 70 کا اسٹرائیک ریٹ۔

یہ اعداد و شمار ایک ایسے کرکٹر کے ہیں جس نے ابھی تک صرف دو فرسٹ کلاس سیزن کھیل رکھے ہیں اور وہ ہیں 21 سالہ محمد حریرہ جنہیں اس متاثر کن پرفارمنس کی وجہ سے پہلی مرتبہ پاکستانی کرکٹ ٹیم میں شامل ہونے کا موقع ملا ہے جو اسی ماہ دو ٹیسٹ میچز کھیلنے سری لنکا جارہی ہے۔

محمد حریرہ کا فرسٹ کلاس کرکٹ میں آغاز بہت زبردست تھا جس کا خواب ہر کرکٹر دیکھتا ہے۔ انہوں نے 22-2021 میں اپنی پہلی ہی قائداعظم ٹرافی میں ٹرپل سنچری بناکر پاکستان کی سرزمین پر جاوید میانداد کے بعد ٹرپل سنچری بنانے والے دوسرے کم عمر ترین بیٹر ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا۔

محمد حریرہ نے ناردن کی طرف سے بلوچستان کے خلاف اسٹیٹ بینک گراؤنڈ کراچی میں 311 رنز اسکور کیے جس میں چالیس چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ ان کی اس شاندار کارکردگی کی وجہ سے ناردن نے بلوچستان کو اننگز اور 170 رنز سے شکست دی۔

محمد حریرہ اس سال سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹر تھے۔ اگلے سیزن میں وہ ایک ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرنے والے واحد بیٹر تھے۔ حریرہ نے قائداعظم ٹرافی کے بائیس میچوں میں 65 کی اوسط سے 2010 رنز بنائے ہیں۔

ان کی اس شاندار کارکردگی کی وجہ سے جس میں ان کی پختہ تیکنک، ٹمپرامنٹ اور اسٹروکس کی رینج کا عمل دخل نمایاں ہے وہ پاکستان شاہینز کے دورۂ زمبابوے میں بھی کامیاب رہے اس دورے کے دو فرسٹ کلاس میچوں میں ایک سنچری اور ایک نصف سنچری اسکور کی۔

محمد حریرہ نے سلمان علی آغا کے ساتھ پی سی بی ڈیجیٹل کے خصوصی انٹرویو میں بتایا کہ وہ کبھی نتیجے کے بارے میں نہیں سوچتے بلکہ آن اور آف دی فیلڈ کے لیے جو ضروری تقاضے ہیں انہیں پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ قائداعظم ٹرافی میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹرز میں ٹاپ پر رہنا میرے ذہن میں کبھی بھی نہیں تھا۔ وہ اس عمل کو اہمیت دیتے رہے ہیں کہ کس طرح اپنی فٹنس کو ٹریننگ اور ڈائٹ کے ذریعے اچھا رکھنا ہے اور وہ کوشش کرتے ہیں کہ میدان میں سو فیصد کر دکھائیں۔ یہی سوچ انہیں سب سے زیادہ رنز بنانے میں مددگار ثابت ہوئی ہے۔

محمد حریرہ کا کہنا ہے کہ ریڈ بال کرکٹ میں صبر بہت ضروری ہے مشکل کنڈیشنز میں آپ خود کو تبدیل نہیں کرسکتے اور آپ کو اسکور کرنے کے لیے بہت زیادہ حاضر دماغ رہنا پڑتا ہے۔ آپ کو اپنی خامیوں اور طاقت کا پتہ ہونا چاہیے جو میچ کی مختلف سچویشنوں میں آپ کے کام آتی ہے۔

محمد حریرہ نے کم عمری سے ہی اپنی صلاحیتوں کا پتہ دے دیا تھا۔ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ایج گروپ پروگرام کی پراڈکٹ ہیں۔ 2019 میں وہ انڈر 19 ون ڈے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ 342 رنز رنز بنانے والے بیٹر تھے جبکہ سہ روزہ ٹورنامنٹ میں وہ سب سے زیادہ رنز بنانے والوں میں تیسرے نمبر پر رہے تھے انہیں اس عمدہ کارکردگی کا صلہ 2020 میں جنوبی افریقہ میں منعقدہ انڈر 19 ورلڈکپ کے لیے پاکستانی ٹیم میں شمولیت کی صورت میں ملا۔

حریرہ نے افغانستان کے خلاف اپنے پہلے ہی میچ میں نصف سنچری اسکور کی اور دو کیچز بھی لیے جس پر وہ پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔

محمد حریرہ کا تعلق سیالکوٹ سے ہے جو ہمیشہ سے اعلی پائے کے بیٹسمینوں کی شاندار روایت رکھتا ہے۔ حریرہ کے رول ماڈل ان کے چچا شعیب ملک ہیں۔

وہ کہتے ہیں کہ اپنے چچا کو کھیل کے اعلی درجے پر کھیلتا دیکھ کر مجھے بہت حوصلہ ملا ہے میں ان سے سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ ان سے میں کرکٹ پر بہت بات کرتا ہوں اور انہوں نے میرے کریئر میں بہت مدد اور حوصلہ افزائی کی ہے۔

محمد حریرہ کرکٹ کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم کو بھی بڑی اہمیت دے رکھی ہے اس وقت وہ سیالکوٹ یونیورسٹی کے فنانس اینڈ اکاؤنٹنگ سے متعلق ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام سے وابستہ ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کرکٹ کی مصروفیات دیکھتے ہوئے یونیورسٹی ان سے بہت تعاون کررہی ہے۔

محمد حریرہ کا کہنا ہے کہ ہر کرکٹر کا خواب ہوتا ہے کہ وہ اپنے ملک کی نمائندگی کرے اور وہ بہت زیادہ پرجوش ہیں۔ میری فیملی بھی بہت خوش ہے یہ سب انہی کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ یہ دراصل ابتدا ہے میں طویل عرصے تک پاکستان کے لیے کھیلنا چاہتا ہوں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4